نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

3 مارچ 2011ء

برائے فوری اجراء

048/2010

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے ہنگو اور خیبر ایجنسی میں دہشت گردوں کے ہاتھوں ہلاکتوں کی مذمت

اسلام آباد (3 مارچ 2011ء)___ پاکستان میں امریکی سفارتخانہ نے جمعرات کے روز ہنگو میں ہونے والے کار بم دھماکے کی شدید مذمت کی ہے جس میں ایک چیک پوسٹ پر متعین سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ اس بہیمانہ حملے میں خواتین اور بچوں سمیت 9 افراد جاں بحق اور دیگر درجنوں زخمی ہوئے۔ ہم خیبر ایجنسی میں دہشت گردوں کی جانب سے گھات لگا کر چھ خاصہ داروں کو قتل کرنے کی بھی مذمت کرتے ہیں۔

ہماری ہمدردیاں اور دعائیں اس المناک سانحے میں متاثر ہونے والوں کے ساتھ ہیں۔

گزشتہ ہفتے کے دوران دہشت گردوں نے پاکستان میں طالبات کو نشانہ بنایا' وفاقی وزیر شہباز بھٹی کو قتل کیا' خواتین و بچوں کو ہلاک و زخمی کیا اور سیکیورٹی اہلکاروں پر گھات لگا کر حملہ کیا۔ تمام مہذب افراد دہشت گردوں کے مقاصد اور کارروائیوں سے نفرت کرتے ہیں۔

امریکہ پاکستان کی دہشت گرد دشمنوں کے خلاف جاری جدوجہد میں اعانت جاری رکھے گا اور تمام پاکستانیوں کے لیے عظیم تر امن' تحفظ اور استحکام کو یقینی بنائے گا۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔